سرخاب

# اُردو



۵ پانچویں کتاب

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

سرخاب

# اُردو


| نمبر شمار | یونٹ | سبق | قواعد | تقریری مہارتیں | تحریری مہارتیں | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | اسلام | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>حمد (نظم)<br>لڑکے لڑکیاں سب برابر (مضمون) | جملہ | بیت اللہ | مکہ معظّمہ | ۳ – ۱۲ |
| ۲ | اخلاقی قدریں | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>نعت (نظم)<br>محنتی بچہ (مضمون) | جملہ<br>اسم | قدروں کی قدر | مسجدِ نبوی | ۱۳ – ۲۲ |
| ۳ | مقاماتِ پاکستان | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>پیارا پاکستان (نظم)<br>موئن جودڑو (مضمون) | فاعل | مری کی سیر | سیر کا حال | ۲۳ – ۳۲ |
| ۴ | خدمتِ خلق | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>منظر صبح کا (نظم)<br>ہمدرد مسیحا (مضمون) | زمانے اور صیغے | اسکاؤٹ بنوں گا | ہلالِ احمر | ۳۳ – ۴۲ |
| ۵ | رہن سہن | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>اچھی باتیں کرنا سیکھو (نظم)<br>پاکستانی ثقافت (مضمون) | فاعل<br>مفعول | ہماری رسمیں | شادی کی تقریب | ۴۳ – ۵۲ |
| ۶ | صحت مند زندگی | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>کام کرے کام یاب (کہانی)<br>جسے کیڑے بھی نہیں کھاتے (کہانی) | طویل اور قصیر مصوتے<br>اعراب<br>تہجی ترتیب | صحت مند جسم<br>صحت مند دماغ | صحت مند معمولات<br>اور غیر صحت مند<br>معمولات | ۵۳ – ۶۴ |
| ۷ | تہوار اور رسومات | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>یوم تکبیر (خط)<br>سبی کا میلہ (مضمون) | لغت کا استعمال | دادا اور بسنت | تصویری کہانی | ۶۵ – ۷۴ |
| ۸ | ماحولیات | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>ماحول دشمن (مضمون)<br>شوقین شوکی (کہانی) | حروف ندا<br>حروف تعجب<br>حروف تاسف (افسوس) | بے حال مچھلی پریشان کوا | صاف ماحول | ۷۵ – ۸۴ |
| ۹ | تعلیم | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>حقیقی تعلیم (مضمون)<br>استاد کا احترام (واقعہ) | اسم معرفہ کی اقسام<br>خط نگاری | پکی دوستی | خط | ۸۵ – ۹۴ |
| ۱۰ | سائنس اور ٹیکنالوجی | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>ہبل دوربین (مضمون)<br>قیامت کی نشانی (کہانی) | درخواست<br>کہانی لکھنا | خوردبین | سیارے کی سیر | ۹۵ – ۱۰۴ |


This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

یونٹ ۱

# اسلام


اِس یونٹ کا موضوع 'اسلام' ہے۔ یہ یونٹ ایک حمد، ایک مضمون اور ایک مکالمے پر مشتمل ہے۔ یونٹ کا آغاز پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیوں سے ہوتا ہے۔ اِن سرگرمیوں میں وہ بنیادی الفاظ متعارف کرائے گئے ہیں جو آئندہ اسباق میں استعمال ہوں گے تاکہ طلبا کو اسباق کی بہتر تفہیم کے لیے ضروری ذخیرۂ الفاظ دستیاب ہو سکے۔

یونٹ میں مطالعہ، تقریر، تحریر اور قواعد کی مہارتوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

## حاصلاتِ تعلّم

اِس یونٹ کے اختتام پر طلبہ اِس قابل ہو جائیں گے کہ:

- موضوع سے متعلق بنیادی ذخیرہ الفاظ کا درست استعمال کر سکیں۔
- جملے کی تعریف بیان کر سکیں اور الفاظ سے جملے بنا سکیں۔
- دیے گئے غلط فقرات کو درست کر سکیں۔
- موضوع سے متعلق گفتگو میں حصہ لے سکیں۔
- موضوع کے حوالے سے چند جملے تحریر کر سکیں۔



This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

## پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں

### ۱ نیچے دیے گئے الفاظ کو بُلند آواز سے پڑھیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| صمد | گدا | نسبی | ماورا | ترجیح | ہم سر |
| بدبخت | شفقت | یتیم | پرورش | یکتا | خالق |

### ۲ مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

| الفاظ | معنی | جملے |
|---|---|---|
| خالق | پیدا کرنے والا | |
| ماورا | دور۔ پرے | |
| ترجیح | برتری | |
| ہم سر | برابری کرنے والا | |
| گدا | فقیر/ مانگنے والا | |

### ۳ بارہ ایسی نعمتوں کی فہرست بنائیے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو دی ہیں۔

۱۔ ____________ ۲۔ ____________ ۳۔ ____________

۴۔ ____________ ۵۔ ____________ ۶۔ ____________

۷۔ ____________ ۸۔ ____________ ۹۔ ____________

۱۰۔ ____________ ۱۱۔ ____________ ۱۲۔ ____________

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

# حمد

بتا دو نبیؐ کہ اکیلا خُدا ہے
وہ سب سے الگ ہے وہ سب سے جُدا ہے

وہی الصّمد، یعنی بالکل غنی ہے
ہر اک آدمی اُس کے در کا گدا ہے

نہ والد کسی کا نہ بیٹا کسی کا
کہ نسبی تعلق سے وہ ماورا ہے

وہی سب کا خالق وہی سب کا مالک
نہ اُس کی طرح کا کوئی دوسرا ہے

وہ یکتا ہے، اس کا نہیں کوئی ہمسر
سبھی اُس کے بندے وہ سب کا خُدا ہے



## گفتگو کے نکات

١ حمد کس طرح کی نظم کو کہتے ہیں؟

٢ اِس نظم میں اللہ تعالیٰ کی کیا صفات بیان کی گئی ہیں؟

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

## تفہیم کا جائزہ

**۱** دیے گئے الفاظ کو دُرست معنی سے ملایئے۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| صمد | خاندانی | والد | جس کے جیسا کوئی دوسرا نہ ہو |
| نسبی | جو کسی کا محتاج نہ ہو | جدا | باپ |
| غنی | غلام | یکتا | پروردگار |
| بندہ | بے نیاز | خدا | الگ |

**۲** مناسب لفظ چُن کر دیے گئے جملے مکمل کیجیے۔

| | |
|---|---|
| صفت | عادت |
| بھائی | بیٹا |
| خالق | دوست |
| بندے | چھیتے |
| ساتھی | ہم سر |

۱ ''الصمد'' اللہ کی ایک ________ ہے۔

۲ اللہ تعالیٰ نہ کسی کا باپ ہے، نہ ________۔

۳ اللہ سب کا مالک اور ________ ہے۔

۴ ہم اللہ تعالیٰ کے ________ ہیں۔

۵ اللہ تعالیٰ کا کوئی ________ نہیں۔

**۳** دیے گئے سوالوں کے جوابات اپنی کاپی میں تحریر کیجیے۔

۱ یہ حمد کس سورۃ کا ترجمہ ہے؟

۲ ''ہر اک آدمی اُس کے در کا گدا ہے'' سے کیا مراد ہے؟

۳ ''اللہ تعالیٰ یکتا ہے۔'' اِس فقرے کا کیا مطلب ہے؟

۴ اللہ تعالیٰ کو ''الصمد'' کیوں کہا گیا ہے؟

۵ اللہ تعالیٰ کا انسانوں سے کیا رشتہ ہے؟

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

# لڑکے لڑکیاں سب برابر

بعض معاشروں میں لڑکوں کو لڑکیوں پر ترجیح دی جاتی ہے۔ ماضی میں بھی ایسا ہوتا تھا، آج کل بھی ہوتا ہے۔ یہ کوئی اچھی بات نہیں ہے۔ اِسے اللہ تعالیٰ نے پسند فرمایا ہے نہ اللہ کے رسولؐ نے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا ہے کہ اُس نے تمام انسانوں کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا۔ ایک ہی طریقے سے پیدا کیا۔ اِس لیے سب برابر ہیں۔ کوئی کسی سے برتر نہیں ہے۔ ہاں البتہ جو شخص اللہ سے زیادہ ڈرتا ہے، اُس کی ہر بات مانتا ہے، نیک عمل کرتا ہے، ماں باپ اور استادوں کی عزت کرتا ہے، چھوٹوں سے شفقت اور محبت سے پیش آتا ہے۔ یتیموں کا حق ادا کرتا ہے، مسافروں کی مدد کرتا ہے، غریبوں اور مسکینوں کے کام آتا ہے، پڑوسیوں سے اچھا سلوک کرتا ہے، وہ اللہ کے نزدیک زیادہ اچھا ہے۔ عورت ہو یا مرد جو بھی اچھے کام کرتا ہے، اللہ اُسے پسند کرتا ہے۔ وہ اُسے دنیا میں بھی بھلائی عطا کرے گا اور آخرت میں اُسے جنت میں داخل کرے گا۔



ہمارے پیارے نبیؐ کے زمانے میں ملک عرب میں بچیوں کو اچھا نہیں سمجھا جاتا تھا۔ لوگ اُن کے پیدا ہونے پر خوش نہیں ہوتے تھے۔ اُن سے پیار نہیں کرتے تھے۔ بعض تو ایسے ظالم اور بدبخت تھے کہ بچیوں کو زندہ دفن کر دیتے تھے۔ اللہ کے رسولؐ نے انھیں اِس بُرے کام سے روکا۔ انھیں بتایا کہ لڑکا اور لڑکی دونوں اللہ کی طرف سے آتے ہیں۔ اللہ دونوں سے برابر پیار کرتا ہے۔ بلکہ آپؐ نے تو یہاں تک فرمایا کہ ''جو شخص اپنی تین بیٹیوں کی اچھی پرورش اور تعلیم و تربیت کرے گا، اللہ اُسے ضرور جنت میں داخل کرے گا۔'' صحابہ کرامؓ نے پوچھا کہ اگر کسی کی دو ہی بیٹیاں ہوں تو؟ آپؐ نے فرمایا، ''تب بھی۔'' پوچھا گیا کہ اگر ایک ہی بیٹی ہو تو؟ تو آپ نے فرمایا، ''تب بھی۔'' ایک ہی بیٹی کی پرورش اور تربیت، پیار اور محبت سے کرنے پر اللہ تعالیٰ ضرور جنت دے گا۔

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

ہمارے پیارے نبیؐ کی بھی چار بیٹیاں تھیں۔ آپؐ اُن سب سے بہت پیار کرتے تھے۔ سب صحابہ کرامؓ بھی اپنی بچیوں سے پیار کرتے اور اُن کا خوب خیال رکھتے تھے۔ ظاہر ہے جس کام سے اللہ خوش ہو، ہر مسلمان وہ کام خوشی سے کرے گا۔ ہمیں بھی اللہ کو خوش کرنے والا یہ کام کرنا چاہیے اور لڑکے اور لڑکیوں میں فرق نہیں کرنا چاہیے۔

## گفتگو کے نکات

١ آپ اپنی چھوٹی بہنوں کے ساتھ کتنا پیار کرتے ہیں۔ کوئی واقعہ سنائیے۔

٢ اگر آپ لڑکی ہیں تو بتائیے کہ آپ کے ماں باپ اور بھائی آپ سے کتنا پیار کرتے ہیں؟

## تفہیم کا جائزہ

### ١ درست جملوں پر ✓ اور غلط جملوں پر ✗ کا نشان لگائیے۔

١ لڑکوں اور لڑکیوں میں فرق کرنا ______ ہے۔

٢ قدیم عرب میں بیٹیوں کو زندہ ______ دیتے تھے۔

٣ اللہ نے تمام انسانوں کو ______ پیدا کیا ہے۔

٤ بیٹیاں اللہ کی ______ ہوتی ہیں۔

٥ بیٹیوں کی اچھی پرورش کرنے والے ______ میں جائیں گے۔

| | |
|---|---|
| ٹھیک | غلط |
| قتل | دفن |
| برابر | غریب |
| رحمت | زحمت |
| دوزخ | جنت |

### ٢ دیے گئے سوالوں کے جوابات اپنی کاپی میں تحریر کیجیے۔

١ آخرت میں کس طرح کے لوگ کامیاب ہوں گے؟

٢ عرب کے پرانے لوگ بچیوں کے ساتھ کیا سلوک کرتے تھے؟

٣ اللہ کے رسولؐ نے بچیوں کی پرورش کے بارے میں کیا فرمایا؟

٤ اللہ تعالیٰ کیسے انسانوں کو پسند کرتا ہے؟

٥ لڑکوں کو لڑکیوں پر ترجیح دینا کیوں غلط ہے؟

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

# قواعد اور تقویت

## جملہ

ہم جانتے ہیں کہ حروف سے الفاظ اور الفاظ سے جملہ بنتا ہے۔ جملہ الفاظ کا ایسا مجموعہ ہوتا ہے جس سے پورا مطلب سمجھ میں آجائے۔ جملے کے الفاظ ایک خاص ترتیب سے آتے ہیں۔ ایسا نہ ہو تو مطلب سمجھ میں نہیں آئے گا، یا کچھ کا کچھ ہو جائے گا۔

۱ نیچے دیے گئے الفاظ کو اِس ترتیب سے لکھیے کہ جملہ بن جائے۔

| الفاظ کا مجموعہ | جملہ |
|---|---|
| سالگرہ دن بعد کے پانچ ہے میری | |
| کا نام عمر دوست ہے میرے | |
| گھر ہے میں اقبال گلشن کا حامد | |
| امیمہ آئی جماعت اول میں اپنی | |
| جیت کا پاکستان کرکٹ نے لیا میچ فائنل | |

۲ دیے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| اسلام | |
| خانہ کعبہ | |
| صحابی | |
| نماز | |

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

گفتگو کی خوب صورتی اِس بات میں ہے کہ جملہ درست انداز میں بولا جائے۔
تحریر کی خوبی یہ ہے کہ جملہ درست لکھا جائے۔ مثال کے طور پر یہ جملے دیکھیے۔

آج کی اخبار دل چسپ ہے۔ (غلط) آج کا اخبار دل چسپ ہے۔ (صحیح)

عام طور پر جو غلطیاں کی جاتی ہیں وہ کچھ اِس قسم کی ہوتی ہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| واحد جمع | اِس نئی آفات نے مجھے ڈرا دیا۔ | (غلط) | اس نئی آفت نے مجھے ڈرا دیا۔ | (صحیح) |
| مذکر مؤنث | آج میرے سر میں درد ہورہی ہے۔ | (غلط) | آج میرے سر میں درد ہورہا ہے۔ | (صحیح) |
| الفاظ کی زیادتی | دراصل میں آپ سچے ہیں۔ | (غلط) | اصل میں آپ سچے ہیں۔ | (صحیح) |
| محاورے کی غلطی | یوسف سب کے دل کا تارا ہے۔ | (غلط) | یوسف سب کی آنکھ کا تارا ہے۔ | (صحیح) |
| فاعل کا غلط استعمال | میں نے بازار جانا ہے۔ | (غلط) | مجھے بازار جانا ہے۔ | (صحیح) |
| ہجوں کی غلطی | میری نذر کمزور ہے۔ | (غلط) | میری نظر کمزور ہے۔ | (صحیح) |

## ۳ درست جملوں پر ✓ اور غلط جملوں پر ✗ کا نشان لگایئے۔

۱ کرسی کے پاس میز رکھا ہے۔
۲ میری گیند گم ہوگئی ہے۔
۳ یہ خبر سن کر میں ہکی بکی رہ گئی۔
۴ میں کل آپ کے گھر تشریف لاؤں گا۔
۵ سر منڈاتے ہی اولے پڑے۔
۶ زور کی بارش ہورہی ہے۔

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

## ۴ مندرجہ ذیل جملوں کو درست کر کے لکھیے۔

| غلط جملے | درست جملے |
|---|---|
| ہر اشخاص کو ورزش کرنی چاہیے۔ | |
| گلی میں بڑی کیچڑ ہے۔ | |
| شب قدر کی رات بہت برکت والی ہوتی ہے۔ | |
| اُس کے منہ نہ آؤ، بڑا بُرا لڑکا ہے۔ | |
| ہم نے گاجر کا مربع کھایا۔ | |
| میں نے نو بجے اسکول پہنچنا ہے۔ | |

## تقریری مہارتیں اور تقویت

نمازی اور امام صاحب کے مکالمے کو غور سے پڑھیے۔ پھر اپنے کسی دوست کے ساتھ مل کر اُسے دہرایئے۔

نمازی: السلام علیکم ! مولوی صاحب۔

امام صاحب: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔

نمازی: مولوی صاحب ! ہم حج کرنے سعودی عرب ہی کیوں جاتے ہیں؟

امام صاحب: اس لیے کہ بیت اللہ وہیں ہے۔

نمازی: بیت اللہ کا کیا مطلب ہے؟


امام صاحب: بیت اللہ کا مطلب ہے...... اللہ کا گھر۔

نمازی: کیا مسجد اللہ کا گھر نہیں ہوتی ؟

امام صاحب: ہوتی ہے...... بیت اللہ سب سے پہلی مسجد ہے۔ اِس لیے حج کرنے وہاں جاتے ہیں۔

نمازی: بیت اللہ کو کس نے بنایا تھا؟

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.



امام صاحب: حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسماعیلؑ نے۔

اللہ نے اُن سے کہا تھا کہ مکے میں میرا گھر بناؤ۔

نمازی: تاکہ لوگ حج کرنے وہاں آیا کریں۔

امام صاحب: ہاں بالکل یہی بات ہے۔

نمازی: یہ کب بنا تھا مولوی صاحب؟

امام صاحب: آج سے کوئی چار ہزار سال پہلے۔

نمازی: یہ شروع سے ایسا ہی ہے؟

امام صاحب: نہیں پہلے تو صرف ایک کمرہ تھا۔ اب تو بہت بڑی اور خوب صورت عمارت ہے۔

نمازی: ہاں بڑی خوب صورت جگہ ہے۔ میں بھی ضرور حج کرنے جاؤں گا۔

امام صاحب: ضرور جاؤ۔ استطاعت ہو تو حج کرنا تو فرض ہے۔ جاؤ تو میرے لیے بھی دعا کرنا۔

نمازی: انشاء اللہ۔

## تحریری مہارتیں اور تقویت

(ا) مکہ معظّمہ کے بارے میں پانچ جملے لکھیے۔

١ ________________________________

٢ ________________________________

٣ ________________________________

٤ ________________________________

٥ ________________________________

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

سرخاب

# اُردو

سرخاب اردو سلسلہ بچوں کی موجودہ لسانی، معاشرتی اور نفسیاتی ضرورتوں کو مدِنظر رکھ کر ترتیب دیا گیا ہے۔ نصاب کے قومی مقاصدِ تعلیم کا لحاظ رکھتے ہوئے اِس سلسلہ کتب کو جدید تعلیمی اور تدریسی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی بھرپور کوشش کی گئی ہے۔ اِس حوالے سے دنیا بھر کے جدید نصابات سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔ اُردو ہماری قومی زبان ہے اور اِس کو فی زمانہ بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے۔ اِس صورتِ حال کو بھی ذہن میں رکھتے ہوئے ایسے موضوعات اور تدریسی حکمت عملی کو اختیار کیا گیا ہے کہ طالب علم اپنی قومی زبان کو تحصیل دلچسپی سے کرے اور اِس پر فخر بھی کرے۔

سرخاب اردو کی چند نمایاں خصوصیات درج ذیل ہیں:

- عمر کی مناسبت سے دلچسپ موضوعات کا انتخاب۔
- الفاظ کے تعارف اور تفہیم کے لیے سبق کے آغاز اور اختتام پر دروں فعال سرگرمیاں۔
- نظم اور نثر کے مختلف اصناف (کہانی، ڈائری، مضمون، خط، مثنوی، غزل، مسدس) کا تعارف اور مشق۔
- اُردو زبان کے بنیادی قواعد کا آسان اور دلچسپ تعارف اور مشق۔
- عملی زندگی میں روزمرہ استعمال کی گفتگو اور مکالمے۔
- مطالعہ، تحریر، تقریر اور سماعت کی مہارتوں کی مشق۔

اُمید ہے اساتذہ اور طلبا کے لیے یہ سلسلہ ہائے کتب آسان، دلچسپ اور مفید ثابت ہوگا۔

طفلی
Tiflee Education
Ph: 0322-5883399
www.tifleeeducation.com
facebook.com/Tiflee.Education
youtube.com/tifleeeducation

ISBN 978-9-6964710-8-0
9 789696 471080

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.